380

# ماتم حسینؑ کا

سدا رہے گا ماتم حسینؑ کا
رب کا ہے وعدہ ماتم حسینؑ کا

دل کی ہے جا نماز محبت حسینؑ کی
آنکھوں کی ہے نماز زیارت حسینؑ کی
ہاتھوں کا سجدہ ماتم حسینؑ کا

روتے ہیں غم میں سارے پیمبر حسینؑ کے
قرآن نوحے پڑھتا ہے کھل کر حسینؑ کا
کرتا ہے کعبہ ماتم حسینؑ کا

ہر راز جس میں خلقتِ کون و مکاں کا ہے
جس کے ہر ایک نقش میں نقشہ جناں کا ہے
رستہ جناں کا ماتم حسینؑ کا

مردہ دلوں کو اِس نے دھڑکنا سکھا دیا
اس نے سیاہ داغ کو سورج بنا دیا
ہے معجزانہ ماتم حسینؑ کا

کھل کر سنائے قبروں نے اکثر یہ واقعات
لے کر گئے مَلک اُسے جنت میں ہاتھوں ہاتھ
جس نے کیا تھا ماتم حسینؑ کا

سُن لے اگر کہیں ہو امیہ کی باقیات
کہتا ہے سینہ ٹھوک کے ہر ماتمی کا ہاتھ
ہوتا رہے گا ماتم حسینؑ کا

سیاروں کی یہ گردشیں یہ وقت کا سفر
یہ نبضِ کائنات تو رک سکتی ہے مگر
نہ رُک سکے گا ماتم حسینؑ کا

چلنا پڑے گا نقشِ قدم پر شہید کے
گر مارنے ہیں تجھ کو طمانچے یزید کے
کرنا پڑے گا ماتم حسینؑ کا

گوہرؔ بتا دے بات یہ کل کائنات کو
دیں گے سلامی نبیوں کے ہاتھ اُس کے ہاتھ کو
جو بھی کرے گا ماتم حسینؑ کا